© rasailojaraid.com



اس جام میں ہے شراب باقی — اب تک ہے گہر میں آب باقی
گو خوار ہیں طرز و خو وہی ہے — مرجھا گئے پھول بو وہی ہے

(احتشام الحق، ٹانک

**مطبوعات مؤتمر المصنفین اور قارئین**

(۱) آپ کی کتاب (کاروانِ آخرت) ملی، اپنی خوبصورتی، شگفتگی اور انوکھے پن کی حیثیت سے اپنی جگہ یہ ایک خوبصورت اور دلکش کتاب ہے۔ آپ اور مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ مبارکباد کے مستحق ہیں کہ اس دورِ ناسپاس میں ایسی خوبصورت کتاب کم ملتی ہے، یہ آپ لوگوں کی جوانمردی اور حوصلہ ہے ورنہ آجکل ادب اور اشاعتوں کی لاگت بے حد زیادہ ہے۔ حالات بھی بے ہنگم اور مصروفیات بھی بے پناہ۔ (حافظ محمد ابراہیم فانی کے نام مکتوب سے اقتباس) — عابد ودود، انگلینڈ

(۲) مؤتمر المصنفین کی تازہ اشاعت "ارباب علم وکمال اور پیشۂ رزقِ حلال"، موصول ہوئی، شکریہ کہ آپ نے اس قابل سمجھا کہ میں اس کا مطالعہ کروں۔

جہاں تک آپ کی، آپ کے ادارہ اور شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب مرحوم ومغفور اور مولانا سمیع الحق صاحب کی علمی و دینی خدمات کا تعلق ہے اور اکوڑہ خٹک کے علمی مرکز اور مجلہ "الحق" کی طرف سے اقامتِ دین اور بہبودِ ملت کی کوششوں کا معاملہ ہے، راقم الحروف مدت سے اس سارے سلسلے کا معترف اور خیرخواہ رہا ہے، اس پہلو سے آپ کی طرف سے تائیدِ مزید کا ہونا مزید سرمایۂ سعادت ہے۔

میں نے دو چار مقامات نکال کر جلد جلد دیکھے (وہ جو ہنڈیا کا پہلا ذائقہ چکھنے کی کوشش ہوتی ہے) بہت متاثر ہوا۔ موضوع اچھا اور مواد جمع کرنے کا کمال — تبصرہ کیا تعارف اور سطورِ اعتراف ضرور لکھوں گا۔ بالکل آپ کا حقِ ترجیح ملحوظ ہے۔

جناب نعیم صدیقی مدیر ماہنامہ "ترجمان القرآن"، منصورہ، لاہور

# اعتذار

قارئین کو گذشتہ ماہ سے پرچہ کے معمول میں تاخیر کی وجہ سے انتظار کی جو زحمت اٹھانا پڑی اس کی وجہ یہ تھی کہ مدیر الحق "جناب مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ" معاون مدیر مولانا عبدالقیوم حقانی اور ناظم جناب شفیق فاروقی صاحب سفرِ عمرہ پر چلے گئے تھے، واپس ہوئے تو کاتب کی علالت اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کی وجہ سے پرچہ کی پریس میں طباعت میں تاخیر ہوتی رہی — جس پر ادارہ معذرت خواہ ہے



© rasailojaraid.com